سوال

(573) مسماۃ معصومہ کا کل اثاثہ

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

مسماۃ معصومہ کا کل اثاثہ ہے۔ اوراس کی تین لڑکیاں بڑی مصری منجھلی مریم چھوٹی زینب ایک بھائی امید علی اورایک بہن مسہورہ ہیں۔ اول مصری کا انتقال ہوا مصری نے ایک زوج عبدالحلیم دو لڑکے جبیب الرحمان وعبد اللہ ایک لڑکی سائرہ و والدہ معصومہ ودو بہنیں مریم وزینب وایک ماموں امید علی وایک خالہ سہورہ چھوڑے۔ اس کے بعد معصومہ کا انتقال ہوا۔ اس نے دو نواسے جبیب الرحمٰن وعبداللہ وایک نواسی سائرہ ایک بیٹی مریم وایک بھائی امید علی وایک بہن سہورہ چھوڑے اس کے بعد جبیب الرحمٰن کا انتقال ہوا اس نے والد عبدالحلیم وایک بھائی عبداللہ وایک بہن سائرہ ایک خالہ مریم وغیرہ چھوڑے۔ اس کے بعد سائرہ کا انتقال ہوگیا۔ اس کے ب بعد جو وارث چھوڑے وہ اوپر کے سوالات سے ظاہر ہے۔ (سائل عطاء الحق زوج مسماۃ مریم ازمقام سنجھول ضلع گونڈہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سارا اثاثہ آپ معصومہ کا لکھتے ہیں۔ تو معصومہ مورث اعلیٰ ہوئی پھر جو اس سے پہلے مرے ہیں۔ مصری وغیرہ ان کو اس تقسیم میں دخل نہ ہوگا۔ اسی لئے ہم نے معصومہ کو مورث اعلیٰ مالک اثاثہ قرار دے جواب دیا ہے۔

مسئلہ نمبر۔ معصومہ۔ بیٹی مریم ایک بٹہ تین بھائی امید علی 2 بہن سہورہ 1 نواسے جبیب الرحمان مہروم وعبداللہ مہروم۔ اس کے بعد جن کی وفات دکھائی ہے ان کو س ترکہ میں حصہ نہیں۔ اس لئے وہ اس مناسخہ میں نہیں آسکتے یہ جواب آپ کو کافی نہ ہو۔ تو مورث مالک اثاثہ کے بعد اموات کو بالترتیب لکھ کر سوال بھیجیں۔ اس سوال کا جواب یہی ہوگا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری